اخبار الجامعة والجماعة

جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات میں ثانویہ عامہ سے جامعہ کے ہونہار طالب علم حافظ عبدالقدوس نے بورڈ بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے اس موقع پر مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مزید ترقی عطا فرمائے۔ آمین

سٹی کیفے کا افتتاح

جنید شکیل نے سٹی کیفے کے نام سے چوک اہل حدیث میں اپنا کاروبار شروع کیا۔ مورخہ 6 اکتوبر بروز ہفتہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے افتتاحی پروگرام میں اسلامی تجارت کے موضوع پر درس ارشاد فرمایا اور آخر میں کاروبار کی کامیابی کیلئے دعا فرمائی۔ اس موقع پر خواجہ امتنان، جنید شکیل اور چوہدری فیصل کے علاوہ ان کے دیگر دوست احباب بھی موجود تھے۔ پروگرام کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔

آل پنجاب عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس

مورخہ 13 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز مغرب مرکزی عیدگاہ نزد مرکزی قبرستان سرگودھا سٹی کے وسیع میدان میں آل پنجاب عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی کانفرنس سے مرکزی جمعیت اہل حدیث اور اہل حدیث یوتھ فورس کے قائدین نے خطابات کیے۔ حاضری کے لحاظ سے یہ کانفرنس اپنی مثال آپ تھی پورے پنجاب سے لوگوں کی بھاری تعداد نے شرکت کی۔ جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) مولانا نوید احمد بشار اور اہل حدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں نے شرکت کی۔

جامعہ رحمانیہ کنگن پور میں 44 ویں سالانہ عظمتِ قرآن کانفرنس

مورخہ 27 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز ظہر جامعہ رحمانیہ کنگن پور میں عظیم الشان عظمتِ قرآن کانفرنس و تقریب صحیح بخاری شریف منعقد ہوئی۔ استاذ القراء قاری محمد صادق رحمانی کی خصوصی دعوت پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر درس مولانا حافظ محمد اسلم شاہدروی آف لاہور نے دیا۔ کانفرنس سے مولانا قاری محمد اکبر اسد،